آڈٹ بیورو آف سرکولیشن (ABC) وزارت اطلاعات ونشریات سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY NAWA-E-AHMEDPUR SHARQIA

رجسٹرڈ نمبر 243

روزنامہ

نوائے احمد پور شرقیہ

بہاولپور

چیف ایڈیٹر
احسان احمد سحر

مینیجنگ ایڈیٹر
محمد سلیمان فاروقی
ٹیلیفون نمبر 062-2508053
موبائل 0301-7740405

ایڈیٹر
نجم النساء بخاری

E-mail: nawaiahmedpur@gmail.com, daily.nawaiahmedpur@gmail.com

جلد نمبر 16 | ہفتہ 9 جولائی 2022ء قیمت فی شمارہ 10 روپے زرسالانہ 3 ہزار روپے | شمارہ نمبر 118

گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمان کی خصوصی دلچسپی کے باعث صوبائی حکومت نے کمشنر اور ڈپٹی کمشنر بہاولپور کو احمد پور شرقیہ کو ضلع کا درجہ دینے کیلئے ہدایات جاری کر دیں

عدنان فرید کی اسٹڈ عاپر احمد پور شرقیہ کو ضلع کا درجہ دینے کیلئے کوائف طلب

مسلم لیگ ن کے سابق ایم پی اے قاضی عدنان فرید نے اپنے ایک مکتوب کے ذریعے وزیراعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز کی توجہ تحصیل احمد پور شرقیہ کو ضلع کا درجہ دینے کے دیرینہ عوامی مطالبے کی جانب مبذول کرائی تھی جسے گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمان نے بھرپور سپورٹ کیا

بورڈ آف ریونیو پنجاب نے تحصیل احمد پور شرقیہ کو ضلع کا درجہ دینے کیلئے کمشنر بہاولپور ڈویژن اور ڈپٹی کمشنر بہاولپور سے مطلوبہ کوائف طلب کرتے ہوئے انہیں ہدایت کی ہے کہ وہ تین روز کے اندر مطلوبہ تفصیلات ڈائریکٹر مینجمنٹ بورڈ آف ریونیو پنجاب کو بھجوائیں

لاہور (نوائے احمد پور شرقیہ رپورٹ) مسلم لیگ ن کے سابق رکن پنجاب اسمبلی قاضی عدنان فرید کی استدعا اور گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمٰن کی خصوصی دلچسپی کے باعث صوبائی حکومت نے احمد پور شرقیہ کو ضلع بنانے کے لیے کمشنر بہاولپور ڈویژن اور ڈپٹی کمشنر بہاولپور سے تین روز کے اندر کوائف طلب کر لیے۔ تفصیلات کے مطابق قاضی عدنان فرید نے وزیراعلیٰ پنجاب میاں حمزہ شہباز کی توجہ احمد پور شرقیہ کو ضلع بنانے کا درجہ دلانے کے دیرینہ عوامی مطالبے کی طرف مبذول کراتے ہوئے ان سے اس عوامی مطالبے کی تکمیل کی استدعا کی تھی۔ گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمٰن کی خصوصی دلچسپی کی وجہ سے وزیراعلیٰ پنجاب نے قاضی عدنان فرید کی استدعا پر کارروائی کے لیے احکامات جاری کیے۔ چنانچہ بورڈ آف ریونیو پنجاب نے کمشنر بہاولپور ڈویژن اور ڈپٹی کمشنر بہاولپور سے احمد پور شرقیہ کی آبادی، اراضی، پٹوار سرکلز، ریونیو سرکلز اور دیگر تجویز کردہ علاقوں کی تفصیلات نئے ضلع کی تشکیل کے لئے موجودہ ومطلوب اسٹاف، ترقیاتی وغیر ترقیاتی اخراجات، ریونیو کی وصولی، آبادی، علاقہ، نئے ضلع کے لیے تجویز کردہ تحصیلوں میں تھانوں کی تعداد، تعلیم اور صحت کے کوائف کمشنر بہاولپور ڈویژن اور ڈپٹی کمشنر بہاولپور سے طلب کر لئے اور انہیں ہدایت کی ہے کہ وہ تین روز کے اندر ڈائریکٹر مینجمنٹ کو متعلق تفصیلات ارسال کریں۔

پرنس بہاول خان عباسی عید الاضحیٰ صادق گڑھ پیلس میں منائیں گے

شاہی عیدگاہ ڈیرہ نواب صاحب میں نماز عید ادا کریں گے جس کے بعد صادق گڑھ پیلس میں عام لوگوں سے ملاقاتیں کریں گے

ولی عہد پرنس بہاول عباسی ہفتہ عشرہ سے صادق گڑھ پیلس میں مقیم ہیں اور عوامی رابطہ مہم جاری رکھے ہوئے ہیں

ڈیرہ نواب صاحب (نامہ نگار) امیر آف بہاولپور کے ولی عہد پرنس بہاول عباس خان عباسی عید الاضحیٰ اپنی آبائی رہائش کا صادق گڑھ پیلس میں منائیں گے۔ وہ شاہی عیدگاہ ڈیرہ نواب صاحب نے نماز عید ادا کریں گے اور صادق گڑھ پیلس میں عام لوگوں سے ملاقاتیں کریں گے۔ یاد رہے کہ پرنس بہاول خان عباسی ہفتہ عشرہ سے صادق گڑھ پیلس میں مقیم ہیں اور روزانہ اپنے عام لوگوں سے ملاقاتوں کے علاوہ شادی غمی کی تقریبات میں بھی باقاعدگی سے شرکت کر رہے ہیں۔

جمعۃ المبارک کے روز ایس ڈی پی او اور ایس ایچ او کے سیکورٹی کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کے وزٹ

بہاول پور (پ ر) جمعۃ المبارک کے روز ایس ڈی پی او اور ایس ایچ او کے سیکورٹی کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کے

بقیہ نمبر 1 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وزیراعظم کی حج اکبر کی سعادت حاصل کرنیوالے حجاج سمیت پوری امت کو مبارکباد

اللہ تعالیٰ آج کے دن کی برکت سے پاکستان کو قرض کی دلدل سے نکال دے شہباز شریف



اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے حج اکبر کی سعادت حاصل کرنیوالے حجاج سمیت پوری امت کو مبارکباد پیش کی ہے۔ شہباز شریف نے حج کی سعادت حاصل کرنے والے خوش نصیبوں کو مبارکباد دیتے ہوئے عالم اسلام کے لیے خصوصی دعاں کی اپیل کی ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے ٹوئٹر پر بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ حج اکبر کی سعادت حاصل کرنے والے حجاج سمیت پوری امت کو مبارک پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ

بقیہ نمبر 2 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

آئی یو بی اور زراعت کے فروغ کے اداروں کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط

انجینئر پروفیسر ڈاکٹر اطہر محبوب وائس چانسلر اسلامیہ یونیورسٹی اور مجیب ارجمند خان ڈائریکٹر بزنس ڈویلپمنٹ فارمدار نے اپنے اداروں کی جانب سے دستخط کیے

بہاولپور (پ ر) اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور اور زراعت کے فروغ کے ادارے فارمدار کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہوئے۔ انجینئر پروفیسر ڈاکٹر اطہر محبوب وائس چانسلر اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور اور مجیب ارجمند خان ڈائریکٹر

بقیہ نمبر 7 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

انجینئر پروفیسر ڈاکٹر اطہر محبوب وائس چانسلر اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور اور مجیب ارجمند خان ڈائریکٹر بزنس ڈویلپمنٹ فارمدار مفاہمتی یادداشت پر دستخط کر رہے ہیں۔

بجلی ایک مرتبہ پھر 1.55 روپے فی یونٹ مہنگی

اضافے کا اطلاق یکم جولائی 2022 سے ہوگا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) عوام کے

بقیہ نمبر 6 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بلوچستان: طوفانی بارشوں کی تباہ کاریاں

ہلاکتوں کی تعداد 56 ہوگئی، 48 افراد زخمی

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) بلوچستان میں

بقیہ نمبر 5 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بھارتی مسلمان صحافی محمد زبیر کی عبوری ضمانت منظور

الہ آباد ہائی کورٹ کے حکم کو چیلنج کرنیوالی محمد زبیر کی درخواست پر یوپی پولیس کو نوٹس جاری کر دیا

الہ آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارتی سپریم

بقیہ نمبر 3 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

شہباز شریف عوام کو جلد پٹرولیم قیمتوں پر بڑا ریلیف دینگے: مریم نواز

عوام جانتی ہے مہنگائی عمران خان کی وجہ سے ہے، شیخوپورہ کے حلقے پی پی 140 میں انتخابی جلسے سے خطاب

شیخوپورہ (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان مسلم لیگ ن کی نائب صدر مریم نواز نے کہا ہے کہ عوام جانتی ہے مہنگائی عمران خان کی وجہ سے ہے۔ عالمی مارکیٹ میں تیل سمیت دیگر قیمتیں تیزی سے نیچے آ رہی ہیں، وزیراعظم شہباز شریف عوام کو آنے والے چند مہینوں میں پٹرولیم مصنوعات پر بہت بڑا ریلیف دینگے۔ شیخوپورہ کے حلقے پی پی 140 میں انتخابی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے پاکستان مسلم

بقیہ نمبر 4 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

امت کو چاہیے ایک دوسرے سے شفقت کا معاملہ رکھے

خطبہ حج

بہترین انسان وہ ہے جو خیر کی راہ پر گامزن ہو، امت کو چاہیے ایک دوسرے سے شفقت کا معاملہ رکھے، اللہ کی رحمت احسان کرنے والوں کے قریب ہے، محمد بن عبدالکریم العیسی کا عرفات کی مسجد نمرہ میں حج کا خطبہ

مسلمانوں اللہ کے سوا کوئی اور معبود نہیں، وہ یکتا ہے، اللہ کا کوئی شریک نہیں، اس نے اپنا وعدہ پورا کیا، اللہ نے فرمایا اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرا اور اس کے سوا کسی کو نہ پکارو، اللہ نے اپنے اوپر رحم کو لازم

مکہ مکرمہ (مانیٹرنگ ڈیسک) خطبہ حج میں محمد بن عبدالکریم العیسی نے کہا ہے کہ بہترین انسان وہ ہے جو خیر کی راہ پر گامزن ہو، امت کو چاہیے ایک دوسرے سے شفقت کا معاملہ رکھے، اللہ کی رحمت احسان کرنے والوں کے قریب ہے۔ محمد بن عبدالکریم العیسی نے عرفات کی مسجد نمرہ میں حج کا خطبہ دیتے ہوئے کہا کہ مسلمانوں اللہ کے سوا کوئی اور معبود نہیں، وہ یکتا ہے، اللہ کا کوئی شریک نہیں، اس نے اپنا وعدہ پورا کیا، اللہ نے فرمایا اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرا اور اس کے سوا کسی کو نہ پکارو، اللہ نے اپنے اوپر رحم کو لازم کیا۔ ڈاکٹر محمد بن عبدالکریم عیسی نے کہا کہ اللہ نے انسانوں کو اپنی عبادت کے لیے پیدا کیا، اللہ تعالیٰ نے فرمایا اس نے زمین اور آسمان کو 6 دن میں تخلیق کیا، اللہ نے فرمایا اپنے نفس کا تزکیہ کرو اور تقویٰ اختیار کرو، اللہ نے رسول اللہ ﷺ کو آخری نبی ﷺ بنا کر بھیجا، اللہ کی کتاب قرآن مجید دیگر

بقیہ نمبر 11 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

مسلم لیگ ن نے ضمنی انتخاب کے حوالے سے اپنے جلسوں کا شیڈول جاری کر دیا

عید الاضحیٰ کے دوسرے روز 11 جولائی کو مسلم لیگ ن ساہیوال میں میدان لگائے گی، 12 جولائی کو جھنگ میں جلسہ کیا جائے گا

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان مسلم لیگ ن نے ضمنی انتخاب کے حوالے سے اپنے جلسوں کا شیڈول جاری کر دیا۔ وفاقی وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹویٹر پر جلسوں کا شیڈول شیئر کیا۔ جس

بقیہ نمبر 10 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اوچ شریف کی مساجد نماز عید کی ادائیگی کیلئے تیار ہیں

جہاں نماز کے اوقات کار کا اعلان کر دیا گیا

اوچ شریف (جنرل رپورٹر) اوچ شریف کی مساجد نماز عید کی ادائیگی کیلئے تیار ہیں جہاں نماز کے اوقات کار کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ مدرسہ

بقیہ نمبر 9 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ملک میں گیس کی قیمت 335 فیصد تک بڑھانے کی منظوری دے دی گئی

ای سی سی نے گھریلو صارفین کیلئے گیس کی قیمتوں میں اضافے کی منظوری دیدی

اسلام آباد (یو این پی) ای سی سی نے گھریلو صارفین کے لیے گیس کی قیمتوں میں اضافے کی منظوری دے دی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ای سی سی کے مطابق ملک میں گیس کی قیمت 335 فیصد تک بڑھانے کی منظوری دے دی گئی۔ گھریلو صارفین کے لیے 43 سے 335 فیصد تک اضافہ

بقیہ نمبر 14 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

عید الاضحیٰ سے قبل مہنگائی کا طوفان، قربانی کے جانوروں، مصالحہ جات اور سبزیوں کے نرخوں میں مسلسل اضافہ

چنی گوٹھ میں لوگوں نے انفرادی قربانی کی سکت نہ ہونے کے باعث جانوروں کی اجتماعی قربانی میں حصہ ڈالنا شروع کر دیا

چنی گوٹھ (نامہ نگار) عید الاضحیٰ سے قبل مہنگائی کا طوفان، قربانی کے جانوروں، مصالحہ

بقیہ نمبر 15 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

20 نشستیں جیت کر ن لیگ سے اپنا مینڈیٹ واپس لیں گے: پرویز الٰہی

منحرف ارکان اپنے حلقوں میں بے بس اور لاچار نظر آتے ہیں، عوام نے منحرف ارکان کو رد کر دیا ہے، سپیکر پنجاب اسمبلی

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان مسلم لیگ ق کے رہنما اور سپیکر پنجاب اسمبلی چودھری پرویز الٰہی نے صوبے کے ضمنی الیکشن میں تمام 20 نشستیں جیت کر ن لیگ سے اپنا مینڈیٹ واپس لینے کا دعویٰ کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں سپیکر پنجاب اسمبلی نے کہا کہ منحرف ارکان اپنے حلقوں میں بے بس اور لاچار نظر آتے ہیں، عوام نے منحرف ارکان کو رد کر دیا ہے اور منحرف ارکان میں

بقیہ نمبر 16 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

چیف الیکشن کمشنر کیخلاف عمران خان کے بے بنیاد الزامات کی مذمت کرتے ہیں: ترجمان

غداری کے فتوے بانٹنے سے کوئی ادارہ غدار نہیں ہو جاتا

الیکشن کمیشن کسی اشتعال میں آئے بغیر اپنے تمام فیصلے آئین اور قانون کے مطابق کرتا رہے گا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ترجمان الیکشن کمیشن نے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) (کے چیئرمین اور سابق وزیراعظم عمران خان کے چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کے خلاف بے بنیاد الزامات کی مذمت کرتے ہیں۔ ترجمان الیکشن کمیشن کی طرف سے جاری کردہ بیان میں بتایا گیا ہے کہ غداری کے فتوے بانٹنے سے کوئی ادارہ غدار نہیں ہو جاتا، الیکشن کمیشن کسی اشتعال میں آئے بغیر اپنے تمام فیصلے آئین اور قانون کے مطابق کرتا رہے گا اور کسی دباؤ میں نہیں آئے گا۔ دوسری طرف الیکشن کمیشن نے

بقیہ نمبر 21 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

نامعلوم نمبروں سے دھمکیاں دی جا رہی ہیں: عمران خان

حکومت گرفتار کرنا چاہتی ہے تو کر لے کوئی ڈر نہیں، نیوٹرلز سے کوئی لڑائی نہیں ہے، سابق وزیراعظم کی لاہور میں سینئر صحافیوں سے گفتگو

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف عمران خان نے کہا ہے کہ حکومت گرفتار کرنا چاہتی ہے تو کر لے کوئی ڈر نہیں، نیوٹرلز سے کوئی لڑائی نہیں ہے۔ لاہور میں سینئر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے عمران خان نے کہا کہ نیوٹرلز

بقیہ نمبر 12 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

حکومت کا عید الاضحیٰ کے موقع پر یوٹیلٹی اسٹورز کھلے رکھنے کا فیصلہ

عہدیدار اسٹورز پر تمام ضروری اشیاء کی فراہمی کو یقینی بنائیں گے

اسلام آباد (یو این پی) حکومت نے عید الاضحیٰ کے موقع پر یوٹیلٹی اسٹورز کھلے رکھنے کا فیصلہ کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق عید الاضحیٰ کے موقع پر عوام کو سہولت فراہم کرنے کے لیے وفاقی حکومت کی جانب سے یوٹیلٹی اسٹورز کھلے رکھنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، اس حوالے سے ترجمان یوٹیلٹی اسٹورز کارپوریشن نے بتایا کہ عید کی خوشیوں کے دوران

بقیہ نمبر 13 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

طیبہ گل کے بیان پر ڈی جی نیب کا ردعمل آ گیا

طیبہ گل نے آڈیو سنا کر گمراہ کیا، اس پر شدید احتجاج کرتا ہوں، شہزاد سلیم کا بیان

اسلام آباد (یو این پی) سابق چیئرمین جسٹس (ر) جاوید اقبال پر ہراساں کرنے کا الزام لگانے والی خاتون طیبہ گل کے پبلک اکاؤنٹس کمیٹی

بقیہ نمبر 19 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بلال اظہر معیشت، توانائی کے لئے وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر مقرر

اسلام آباد (یو این پی) وزیراعظم شہباز شریف نے بلال اظہر کیانی کو معیشت اور

بقیہ نمبر 18 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سمہ سٹہ شہر و گردونواح میں عید الفطر کی عید نمازوں و اجتماعات کے اوقات

مرکزی عیدگاہ خانقاہ شریف 7:00 بجے، مرکزی عیدگاہ ڈیرہ مستی 7:00 بجے ادا کی جائیگی

سمہ سٹہ (نامہ نگار) سمہ سٹہ شہر و گردونواح میں عید الفطر کی عید نمازوں و اجتماعات کے اوقات جن میں مرکزی عیدگاہ سمہ سٹہ 7:00 بجے، جامع مسجد نور عیدگاہ سمہ سٹہ 7:00 بجے، جامع مسجد غوثیہ ریلوے لوکو شیڈ 6:45 بجے، فیضان مدینہ

بقیہ نمبر 8 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

جاپان کے سابق وزیراعظم قاتلانہ حملے میں ہلاک

حملہ آور کو حراست میں لے کر اسلحہ برآمد کر لیا گیا تاہم ملزم کی شناخت ظاہر نہیں کی گئی

ٹوکیو (یو این پی) جاپان کے سابق وزیراعظم 67 سالہ شنزو ابے قاتلانہ حملے میں ہلاک ہو گئے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق سابق جاپانی وزیراعظم کو مغربی شہر نارا میں انتخابی مہم کی تقریر کے دوران گولی ماری گئی جس کے نتیجے

بقیہ نمبر 17 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

چین کی فوجی مشق کا مقصد تائیوان کی علیحدگی پسند قوتوں کا مقابلہ کرنا ہے

تائیوان کی علیحدگی کی کسی بھی کوشش کو ناکام بنایا جائے گا، ترجمان چینی وزارت خارجہ

بیجنگ (یو این پی) چائنیز پیپلز لبریشن آرمی کی ایسٹرن تھیٹر کمانڈ نے تائیوان جزیرے کے ارد گرد فضائی اور سمندری علاقوں میں کثیر خدماتی مشترکہ جنگی تیاری کے گشت اور حقیقی جنگی مشقیں کیں۔ جمعہ کے روز چینی میڈیا کے مطابق اس

بقیہ نمبر 22 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ایوان صدر نے گزشتہ 2 سال میں 10 کروڑ سے زائد کی بجلی بچت کی

صدر مملکت کی زیر صدارت اجلاس، گرین پریذیڈنسی منصوبے کے حوالے سے بریفنگ

اسلام آباد (یو این پی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کی زیر صدارت بجلی کی بچت کے حوالے سے اجلاس میں شرکا کو بتایا گیا کہ ایوان صدر نے توانائی کی مد میں گزشتہ 2 سال میں 10 کروڑ 80 لاکھ روپے کی بچت کی۔ تفصیلات کے

بقیہ نمبر 23 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

شاہ محمود قریشی اور شیریں مزاری کا استعفیٰ بہت جلد منظور کر لیا جائیگا

شاہ محمود قریشی نے پیپلز پارٹی کو ڈسا ہے وہ انہیں قبول نہیں کرے گی، راجہ ریاض کی گفتگو

اسلام آباد (یو این پی) قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر راجہ ریاض نے کہا ہے کہ میرا کوئی ٹویٹر اکاؤنٹ نہیں ہے، ایک بوگس اکاؤنٹ بنا ہوا جس کو ختم کرانے کے لیے ایف آئی اے کو درخواست دی ہے۔ رپورٹ کے مطابق انہوں

بقیہ نمبر 24 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

مری میں آنے والے سیاحوں کے لیے حکومت پنجاب کا انقلابی اقدام

عید کے دوران 3 دن تک بہارہ کہو سے مری کیلئے 15 بسیں چلائی جائیں گی

اسلام آباد (یو این پی) مری میں آنے والے سیاحوں کے لیے حکومت پنجاب کا انقلابی اقدام، حکومت پنجاب کی طرف سے بہارہ کہو سے

بقیہ نمبر 25 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

جرائم پیشہ عناصر سے سختی سے نمٹا جائے گا: ڈی ایس پی سعادت علی

ڈی ایس پی احمد پور شرقیہ کی سرکل کے تمام ایس ایچ اوز و تفتیشی آفیسران سے کرائم جرائم پر کنٹرول منشیات کی روک تھام

عید الاضحیٰ پر فل پروف سیکورٹی فراہم کرنے اور پولیس گشت کو بڑھانے اور عوام الناس کو بروقت انصاف فراہم کرنے پر کارنر میٹنگ

اوچ شریف (کرائم رپورٹر) ڈی ایس پی احمد پور شرقیہ کی سرکل کے تمام ایس ایچ اوز و تفتیشی آفیسران سے کرائم جرائم پر کنٹرول منشیات کی روک تھام اور عید الاضحیٰ پر فل پروف سیکورٹی فراہم کرنے اور پولیس گشت کو بڑھانے اور عوام الناس کو بروقت انصاف فراہم کرنے پر کارنر میٹنگ جرائم پیشہ عناصر سے سختی سے نمٹا جائے گا ڈی ایس پی سعادت علی۔ تفصیل کے مطابق ڈسٹرک پولیس

بقیہ نمبر 20 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اوچ شریف: ڈی ایس پی احمد پور شرقیہ سعادت علی کی سرکل کے تمام ایس ایچ اوز و تفتیشی افسران سے کرائم میٹنگ کرتے ہوئے۔

ایفا سکول سسٹم

پنجاب گروپ آف کالجز کا تعلیمی منصوبہ

نرسری تا نہم

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

نزد پنجاب کالج قینچی موڑ احمد پور

اب نئی انتظامیہ کے ساتھ

نرسری تا پنجم

دی ایجوکیٹرز

بیکن ہاؤس سسٹم کا پراجیکٹ

عثمان کیمپس

نزد مسجد العزیز حمزہ ٹاؤن احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

پبلک ہائیر سیکنڈری

بوائز اینڈ گرلز

احمد پور سکول

نرسری تا میٹرک

6 کنال رقبہ پر مشتمل سکول کیمپس

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

بی ایڈ، ایل ایل بی، ایم اے 0300-8688787

القادریہ پبلک سکول (رجسٹرڈ)

(PEF-EVS) پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن

احمد پور شرقیہ کا قدیم سکول 1995ء سے قائم شدہ

Ph.0300-8155716

تحصیل کا پہلا واؤچر سکول جس میں داخلے پر (آپ کے بچے کی مکمل تعلیمی فیس گورنمنٹ ادا کریگی)

(PEF) اپنی واؤچر سکیم کے تحت نرسری سے ایف۔اے تک مفت تعلیم، مفت کتابوں کی سہولیات فراہم کرتا ہے

- خوبصورت بلڈنگ
- صاف ستھرا ماحول
- ہر بچے پر خصوصی توجہ
- بچوں کے جھولے
- دینی تعلیم، قرآن مجید، تفسیر، حدیث کی تعلیم
- لائبریری
- کمپیوٹر لیب

مفت تعلیم	مفت کتابیں	اعلیٰ تعلیم یافتہ اساتذہ

القادریہ پبلک سکول نزد حکیم حسنین کلینک ریلوے روڈ احمد پور شرقیہ

حکیم محمد حسنین چوہان

ماہر امراض معدہ

ماہر امراض مخصوصہ

احمد پور شرقیہ کے سینئر کوالیفائیڈ حکیم

فارغ التحصیل گورنمنٹ کالج بہاولپور

فارغ التحصیل انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد

ماہر نباض، نبض دکھائیں، مرض حکیم صاحب خود بتاتے ہیں

امراض معدہ، معدہ آنتوں میں زخم، السر، ورم، معدہ آنتوں کی سوزش، قبض، پیچس، جوڑوں کا درد، شوگر کا یقینی خاتمہ، گردے مثانے کی پتھری بذریعہ دوائی اخراج، سستی، نامردی، جریان، احتلام، بانجھ پن، اولاد کا یقینی ہونا، الرجی، دمہ، ٹائیفائیڈ بخار اور ہر قسم کے مرض کے علاج کیلئے تشریف لائیں

ایڈریس: حسنین کلینک ریلوے روڈ احمد پور شرقیہ 0300-8155716

پنجاب کالج احمد پور شرقیہ

F.SC	F.A	I.C.S	I.COM

(PEF-EVS) پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن

قینچی موڑ ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

آپ کے معیار کے مطابق ہر قسم کی بہترین ورائٹی

نیو نشاط

ایک دام

کلاتھ ہاؤس

ڈیلر، گل احمد، الکرم، ڈینسٹی، فردوس کی تمام ورائٹی دستیاب ہے۔

تحصیل بازار احمد پور شرقیہ

پروجیکٹ آف میاں خالد اینڈ سنز

میاں محمد عمر

0331-7567242

ہر موسم کی تمام معیاری کمپنیوں کی گارمنٹس ورائٹی

بابا، بے بی، لیڈیز اینڈ جینٹس،

آپ کے ذوق کے عین مطابق دستیاب ہے

نشاط آؤٹ فٹ

ڈیلر، آکسفورڈ، بونیزہ

ایک دام

جنگو پلازہ

ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

پراجیکٹ آف میاں خالد اینڈ سنز

میاں حمزہ خالد

0300-4655291

ورائٹی اور معیار ہماری پہچان

نشاط فیبرکس

ایک دام

ڈیلر، گل احمد، الکرم، ڈینسٹی، فردوس کی تمام ورائٹی دستیاب ہے۔

بالمقابل رسول پلازہ ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

پروجیکٹ آف میاں خالد اینڈ سنز

حافظ محمد بلال

0332-6263802

منفرد اور زندہ تحریروں کا شاہکار

روزنامہ

نوائے احمد پور شرقیہ

بہاول پور

تازہ ترین خبروں اور بے لاگ تبصروں کے ساتھ ہر روز آپ کی خدمت میں مقامی، ملکی اور بین الاقوامی مسائل پر جاندار تبصروں ہلکے پھلکے طنز و مزاح، باتصویر، فیچروں منہ بولتے واقعات چیختی چلاتی کہانیوں، منظومات، غزلیات، معیاری مضامین

اور چونکا دینے والا نت نئے انکشافات کیلئے

ہر شمارہ ..... دلچسپ شمار

نوائے احمد پور شرقیہ پڑھیے

نوائے احمد پور شرقیہ آپ کا اپنا اخبار ہے، پرچہ اپنے ہاکر سے طلب کیجئے

دفتر:

روزنامہ نوائے احمد پور شرقیہ، 246C سیٹلائٹ ٹاؤن بلاک Z احمد پور شرقیہ

0301-7740405

بہاول پور: چیف آفیسر ضلع کونسل میاں اظہر جاوید عیدالاضحیٰ کے موقع پر قربانی کے جانوروں کی آلائشیں تلف کرنے کے حوالہ سے سیکرٹری یونین کونسل کو ضلع کونسل بہاول پور کے دفتر میں ویسٹ بیگز تقسیم کر رہے ہیں۔

بہاول پور: ڈپٹی کمشنر بہاول پور عرفان علی کاٹھیا بہاول پور شہر میں بیرون شاہدرہ پارک پر قائم کئے گئے سیل پوائنٹ کا معائنہ کر رہے ہیں، اسسٹنٹ کمشنر سٹی نعیم صادق چیمہ، ملک رمیز بلال چنڑ، چوہدری محمود مجید، مشہود ناصر بھی ہمراہ ہیں۔

ضلع کونسل بہاول پور کی جانب سے مختلف یونین کونسل کے سیکرٹریز کو ویسٹ بیگز فراہم کئے جا رہے ہیں۔

چیف ایگزیکٹو آفیسر بہاول پور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی محمد نعیم اختر اپنے دفتر میں علماء کرام کے وفد سے ملاقات کر رہے ہیں۔

بہاول پور: ڈپٹی کمشنر بہاول پور عرفان علی کاٹھیا ڈبلیو ایم سی کی جانب سے ختم نبوت چوک (چوک فوارہ) پر عوامی آگاہی کیلئے لگانے جانیوالے کیمپ پر شہریوں میں بیگز تقسیم کر رہے ہیں، چوہدری محمود مجید، اسسٹنٹ کمشنر سٹی نعیم صادق چیمہ، سی ای او کمپنی محمد نعیم اختر ان کے ہمراہ ہیں۔

بہاول پور: سیکرٹری مواصلات وتعمیرات جنوبی پنجاب محمد الطاف بلوچ سڑک کی تعمیر کا معائنہ کر رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 01

وزٹ، سیکیورٹی ڈیوٹی کو چیک کیا، ملکی صورتحال کے پیش نظر ڈیوٹی پر مامور اہلکاروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت کی، ہم الرٹ رہیں گے تو شرپسند عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوسکیں گے، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار۔ تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان، ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب ڈاکٹر احسان صادق کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او کی ہدایت پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ایس ڈی پی اوز نے اپنے سرکل جبکہ ایس ایچ اوز نے اپنے تھانہ جات کی حدود میں جمعتہ المبارک کے حوالے سے مساجد اور اما م بارگاہوں کی سیکیورٹی ڈیوٹی پر مامور افسران واہلکاران کو چیک کیا۔ سیکیورٹی اہلکاروں کے پاس موجود اسلحہ اور حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا۔ جوانوں کو الرٹ رہ کر ڈیوٹی سرانجام دینے کی ہدایت کی۔ ڈی پی او عبادت نثار نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہمارا فرض بہت اہم ہے، شہریوں کو احساس تحفظ دلانا ہے کہ ہم انکی سیکیورٹی کے لیے موجود ہیں۔ ملکی صوتحال کے پیش نظر شرپسند عناصر پر کڑی نظر رکھیں اور الرٹ رہیں کیونکہ ہم الرٹ رہیں گے تو شرپسند عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوسکے گے، انہوں نے ایس ڈی پی او ز اور ایس ایچ اوز کو اپنے اپنے ایریا میں مؤثر گشت اور سیکیورٹی انتظامات کے حوالے سے ہدایات بھی جاری کیں۔

بقیہ نمبر 02

کے عالم انسانیت بالخصوص مسلمانوں پر رحم، امت کے اتحاد، ترقی وخوش حالی، وباؤں سے نجات، مقبوضہ فلسطین اور کشمیر کی آزادی اور مظلوم انسانیت کے دکھوں اور مصائب سے نجات کی دعا کی اپیل کرتا ہوں۔ شہباز شریف نے حج کے دن کی اہمیت کے پیش نظر دعا کی کہ اللہ تعالی آج کے دن کی برکت سے پاکستان کو قرض کی دلدل سے نکال دے۔ وزیراعظم نے مزید لکھا کہ اللہ تعالی ہمیں بہ حیثیت قوم معاشی خود انحصاری کی منزل عطا فرمائے، شہدا کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی خصوصی دعا کرتے ہیں۔

بقیہ نمبر 03

کورٹ نے مسلمان صحافی، آلٹ نیوز کے شریک بانی محمد زبیر کی عبوری ضمانت منظور کرلی ہے اور الہ آباد ہائی کورٹ کے حکم کو چیلنج کرنے والی محمد زبیر کی درخواست پر یوپی پولیس کو نوٹس جاری کر دیا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق سپریم کورٹ نے محمد زبیر کو 5 دن کے لیے عبوری ضمانت اس شرط پر دی ہے کہ وہ اس معاملے سے متعلق کوئی تازہ ٹوئٹ نہیں کریں گے اور سیتا پور مجسٹریٹ کی عدالت کا دائرہ اختیار نہیں چھوڑیں گے۔ خیال رہے کہ آلٹ نیوز کے شریک بانی محمد زبیر کو پٹیالہ کی عدالت نے 14 روزہ جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیجنے کا فیصلہ سنایا تھا، محمد زبیر کو دہلی پولیس نے 2018 میں پوسٹ کی گئی ایک ٹوئٹ کے ذریعے مذہبی جذبات کو ٹھیس پہنچانے کے الزام میں گرفتار کیا تھا۔

بقیہ نمبر 04

لیگ ن کی نائب صدر نے کہا کہ میں یہاں کی عوام کو دونوں ہاتھوں سے سلام کرتی ہوں، جتنی محبت مجھے اس گرمی کے باوجود مجھے شہر نے دی ہے میرا بس نہیں چل رہا میں عوام میں آجاں۔ یہاں جذبہ دیکھ کر لگتا ہے کہ 17 جولائی کو شیر واپس آ رہا ہے۔ عوام کا جم غفیر گراؤنڈ کے باہر موجود ہے۔ میاں خالد محمود کو مبارکباد دیتی ہوں، اس حلقے سے آپ الیکشن جیت چکے ہیں۔ عمران خان شیخوپورہ یہاں سے چھوٹا سے جلسہ کر کے گیا، بتانا چاہتی ہوں یہ شہر مسلم لیگ ن کا ہے۔ مریم نواز نے عمران خان پر کھل کر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ آج کل روز ٹی وی پر ڈیڑھ ڈیڑھ گھنٹہ عوام کا سر کھاتا ہے، ڈیڑھ گھنٹے میں ڈیڑھ منٹ بھی اپنی کارکردگی نہیں بتا سکتا، گالیاں نکالنے والا 4 سال میں اپنے 4 کام بھی عوام کو نہیں بتا سکتا۔ یہ ہمارے نام بدل کر پکارتا ہے، یہ ہمیشہ جھوٹ بولتا ہے۔ اپنی بات کو جاری رکھتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہم نے اڑھائی ماہ میں بہت کام کیے، لیکن عمران خان نے چار سال میں ایک کام نہیں کیا، مہنگائی ضرور ہے، اپنی کمپین شروع کرنے لگی تو لوگوں نے کہا عمران خان کی وجہ سے ہمیں مہنگائی کرنی پڑی، ائی ایم ایف کے معاہدے کے باعث ہمیں پٹرول سمیت مہنگائی بڑھی، ن لیگ کیلئے عوام کی شفقت میں کوئی کمی نہیں آئی۔ پنجاب آج بھی شیر کے پاس کھڑا ہے، عوام جانتی ہے مہنگائی عمران خان کی وجہ سے ہے۔ آئی ایم ایف کے ساتھ معاہدہ پی ٹی آئی نے کیا تھا۔ مشکل جتنی بھی بڑی ہوں، نواز شریف، شہباز شریف سمیت مسلم لیگ ن بحرانوں سے نکالے گی۔ عوام کی امید کبھی ٹوٹنے نہیں دینگے۔ مریم نواز نے کہا کہ حمزہ شہباز نے پنجاب کی عوام کو سو مفت یونٹ کا تحفہ دیا، خیبر پختونخوا کی عوام کو مفت بجلی دینے کے بجائے یہ عدالت چلا گیا، عوام کو ریلیف مل رہا ہے اس کے خلاف یہ عدالت چلا گیا ہے، عمران خان پنجاب کی دشمنی بہت حد تک آ گے نکل گیا ہے اور اس نے ظلم کروا کر ختم کروا دیا، عوام اسے معاف نہیں کرے گی، 17 جولائی تک نہ صحیح 17 جولائی کے بعد پنجاب کے عوام کی بجلی مفت کریں گے۔ عالمی مارکیٹ میں تیل سمیت دیگر قیمتیں تیزی سے نیچے آ رہی ہیں، شہباز شریف عوام آنے والے چند مہینوں میں پٹرولیم قیمتوں پر بہت بڑا ریلیف دینگے۔ فتنہ خان شہباز شریف آپ کے چودہ طبق روشن کرے گا۔ 75 سال بعد یہ پہلا وزیراعظم ہے جس کے اپنے لوگوں نے اسے مار مار کر عہدے سے فارغ کروایا ہے۔ ن لیگ کی نائب صدر نے مزید کہا کہ میاں خالد محمود کو ووٹ دینا، یہ شیر کا امیدوار ہے، اس نے پنجاب کا مینڈیٹ آپ کو واپس دلوایا اور اپنی سیٹ کی پرواہ نہیں کی۔ فتنہ خان کو پتہ ہے کہ اگلے سال تک ہماری حکومت رہی تو مہنگائی کم ہوجائے گی، معیشت ٹھیک ہوجائے گی، حالات ٹھیک ہو جائینگے، ان کی سیاست ختم ہو جائے گی، مسلم لیگ ن کو اپنی عوام کو تکلیفوں سے نکلوائے گی۔ انشا اللہ مسلم لیگ ن چند مہینوں میں عوام کو بحرانوں سے نکالے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ عمران خان نے عمران خان کہتا تھا وزیراعظم ہاس کو یونیورسٹی بناں گا، وزیراعظم ہاس کو بلیک میلنگ کا اڈہ بنادیا، ایک خاتون عمران خان کے پاس انصاف کیلئے گئی تھی، عمران خان نے خاتون کی ویڈیو اپنے پاس رکھ لی، طیبہ گل کو بلیک میل کیا گیا، طیبہ گل کی ویڈیو کے بعد پی ٹی آئی رہنماں پر مقدمات ختم ہونا شروع ہو گئے۔

بقیہ نمبر 05

مون سون کی طوفانی بارشوں کے نتیجے میں ہونے والی تباہ کاریوں سے ہلاک ہونے والوں کی تعداد 56 ہوگئی ہے جبکہ 48 افراد زخمی ہوگئے ہیں۔ موسلادھار بارش کے باعث خضدار، قلات، لسبیلہ، نصیر آباد، گوادر، پنجگور، تربت، آواران، بارکھان، بولان اور کوہلو کے مقامی ندی نالوں میں طغیانی کا خدشہ ہے۔ جمعرات کو صوبے میں ہونے والی بارشوں نے ایک بار پھر سے تباہی مچادی ضلع پشین میں ڈب کراس کے مقام پر پل پانی میں بہہ گیا، کان مہترزئی میں زیر تعمیر داراجلال خان زئی ڈیم اور مسلم باغ میں اختر نیکا ڈیم ٹوٹ گئے۔ پراونشل ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی) پی ڈی ایم اے (کی جاری کردہ رپورٹ کے مطابق جمعرات کو صوبے بھر میں بارشوں سے 10 اموات ہوئی ہیں جن میں سے 6 افراد پشین جبکہ 4 افراد پنجگور میں جان کی بازی ہار گئے، ہلاک ہونے والوں میں 8 بچے اور 2 خواتین بھی شامل ہیں۔ رپورٹ کے مطابق صوبے میں حالیہ مون سون بارشوں کے دوران اموات کی تعداد 56 ہوگئی ہے جبکہ زخمیوں کی تعداد 48 تک پہنچ چکی ہے۔ پی ڈی ایم اے کی جانب سے جاری کردہ رپورٹ کے مطابق صوبے بھر میں 670 مکانات، 5 پل اور 1 کلو میٹر سڑک کو شدید نقصان پہنچا ہے جبکہ اب تک 436 مویشی بھی طوفانی بارشوں کے باعث ہلاک ہوچکے ہیں۔ محکمہ موسمیات کے مطابق جمعرات کو بھی کوئٹہ، خضدار، قلات، لسبیلہ، پنجگور، آواران، خاران، ژوب، بارکھان، کوہلو، نصیر آباد، اور ماڑہ سمیت کیچ اور گوادر میں تیز ہواں اور گرج چمک کے ساتھ موسلادھار بارش کا سلسلہ جاری رہا، اس دوران خضدار میں 36، پنجگور میں 33، پسنی میں 31، اوڑمارہ میں 16 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی۔

بقیہ نمبر 06

لیے بری خبر ہے، حکومت نے ایک مرتبہ پھر بجلی کی قیمت میں ایک روپے 55 پیسے فی یونٹ کا اضافہ کردیا، عوام پر 39 ارب روپے کا اضافی بوجھ پڑے گا۔ نیپرا کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق بجلی ایک روپے 55 پیسے فی یونٹ مزید مہنگی کردی گئی ہے، عوام پر یہ بوجھ گزشتہ مالی سال کی دوسری سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی مد میں کیا گیا ہے۔ اضافے کا اطلاق کیم جولائی 2022 سے ہوگا اور نرخوں میں اس اضافے سے عوام پر بجلی صارفین پر 39 ارب روپے کا اضافی بوجھ پڑے گا۔ نیشنل پاور ریگولیٹر اتھارٹی) نیپرا (نے اپنے نوٹیفکیشن میں کہا ہے کہ بجلی صارفین سے اضافی وصولی 3 ماہ کے لیے کی جائے گی، اطلاق لائف لائن اور کے الیکٹرک صارفین پر نہیں ہوگا۔

بقیہ نمبر 07

بزنس ڈویلپمنٹ فارمدار نے اپنے اداروں کی جانب سے دستخط کیے۔ معاہدے کے مطابق دونوں ادارے سوائل سائنسز کے شعبے میں خاص طور پر سوائل سیمپلنگ، سنٹرز کے تعین اور کام کے لیے باہمی تعاون کریں گے۔ فارمدار یونیورسٹی کو تحقیقی مقاصد کے لیے زرعی آلات فراہم کرے گا۔ طلبا وطالبات کو انٹرنشپ اور ملازمت کے مواقع فراہم کیے جائیں گے اور یونیورسٹی زرعی فارم کی سیٹلائیٹ کے ذریعے تجزیہ کاری میں مدد فراہم کی جائے گی۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور زرعی تحقیق میں پاکستان میں منفرد مقام رکھتی ہے۔ یونیورسٹی زرعی کالج میں بی ایس آنرز، ایم ایس سی اور پی ایچ ڈی سطح پر درس وتدریس اور تحقیق جاری ہے۔ اہم ترین شعبوں میں ایگرانومی، فارسٹری رینج اینڈ وائلڈ لائف مینجمنٹ، پلانٹ بریڈنگ اینڈ جینیٹکس، سوئل سائنس، پلانٹ پتھالوجی، فوڈ سائنس اینڈ ٹیکنالوجی شامل ہیں۔ اس کے علاوہ نیشنل کاٹن بریڈنگ سنٹر اور نیشنل ریسرچ سنٹر برائے انٹرکراپنگ ٹیکنالوجی بھی موجود ہیں جہاں پر اعلی درجے کی تحقیق ہو رہی ہے۔ اس موقع پر پروفیسر ڈاکٹر معظم جمیل، رجسٹرار، رضوان مجید، ڈائریکٹر آئی ٹی، پروفیسر ڈاکٹر عابد شہزاد، ڈائریکٹر انٹرنیشنل لنکجز، ڈاکٹر محمد عبداللہ ڈائریکٹر بائیوڈائیورسٹی پارک، عمران منظور مینجر فارم، ڈاکٹر محمد نفیس، بلال ارشاد ایڈیشنل رجسٹرار، عارف رموز ایڈیشنل رجسٹرار اور محمد خالد بھی موجود تھے۔

بقیہ نمبر 08

مدرسہ اسلامیہ سمہ سٹہ 6:00 بجے، جامع مسجد قبا اہلحدیث سمہ سٹہ 6:15 بجے، جامع مسجد خضرا لطیف آباد سمہ سٹہ 7:00 بجے، ریلوے گروئنڈ سمہ سٹہ 6:45 بجے، مدینہ مسجد تانگہ اڈا سمہ سٹہ 7:00 بجے، امام بارگاہ سمہ سٹہ 7:00 بجے، جامع مسجد دربار حضرت حاجن شاہ جیلانی 6:45 بجے، جامع مسجد الہدی محلہ قریشیاں سمہ سٹہ 6:15، جامع مسجد عیدگاہ گرین شاپ سمہ سٹہ 7:30 بجے، جامع مسجد دربار محبوبی لوکوشیڈ سمہ سٹہ 6:45 بجے، جامع مسجد بلال لطیف آباد سمہ سٹہ 7:15، جامع مسجد کی گورنمنٹ ہائی سکول سمہ سٹہ 6:30 بجے، جامع مسجد نمرہ خانقاہ شریف روڈ سمہ سٹہ 6:30، عیدگاہ بندوالی مسجد لوکوشیڈ سمہ سٹہ 6:30 بجے، جامع مسجد صادق امین کالونی سمہ سٹہ 7:00، مرکزی جامع مسجد کچی واہ 7:15 بجے، جامع مسجد الجیلانی دربار حاجن پیر سمہ سٹہ 6:45 بجے، عیدگاہ محمودیہ نزد تھانہ سمہ سٹہ 70 بجے، مرکزی عیدگاہ خانقاہ شریف 7:00 بجے، مرکزی عیدگاہ ڈیرہ مستی 7:00 بجے ادا کی جائے گی۔

بقیہ نمبر 09

عربیہ امیر المدارس محلہ امیر آباد میں 7:15 بجے مدرسہ فاروقیہ محلہ سودھگان میں 7:15 بجے جامعہ مسجد علی المرتضی حسینی چوک 7:15 بجے اوچ موغلہ عیدگاہ میں 8:00 بجے بستی حافظ آباد پتی کھیارہ 7.30 بجے جامعہ مسجد عثمانیہ بستی عبداللہ خان 7:15 بجے موضع ماچھی والی بستی سیال کی جامعہ مسجد میں 7:30 بجے عید نماز ادا کی جائے گی موضع کچی لعل میں 8:00 بجے موضع لکس جامعہ مسجد میں 7:30 بجے محلہ خواجگان میں 8:00 بجے بستی کبیر خان رند میں 7:15 بجے طاہر والی عیدگاہ میں 7:30 بجے جامع مسجد طاہر والی 7:30 بجے جامع مسجد جیلن والی 7:30 بجے مدرسہ عربیہ انوریہ طاہر والی 7:30 بجے#

بقیہ نمبر 10

میں پاکستان مسلم لیگ ن کی نائب صدر مریم نواز کی تصویر بھی نظر آ رہی ہے۔ عیدالاضحیٰ کے دوسرے روز 11 جولائی کو مسلم لیگ ن ساہیوال میں میدان لگائے گی، 12 جولائی کو جھنگ میں جلسہ کیا جائے گا، 13 جولائی کو لیہ میں عوام کا لہو گرمایا جائے گا۔ 14 جولائی کو دو مقامات پر جلسے کیے جائیں گے، راولپنڈی اور خوشاب میں لیگی نائب صدر عوام سے خطاب کریں گی، 15 جولائی کو بھی دو مقامات پر جلسے کیے جائیں گے، لاہور اور ملتان میں مریم نواز عوام کا لہو گرمائیں گی۔

بقیہ نمبر 11

آسمانی کتابوں کی تصدیق کرتی ہے، اللہ نے قرآن میں فرمایا تم پر حج فرض ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہر معاملے میں حکمت سے کام لو۔ خطبہ حج میں کہا گیا کہ اللہ نے والدین کے ساتھ بھلائی کا راستہ اختیار کرنے کا حکم دیا، اسلام بھائی چارے اور اخوت کا درس دیتا ہے، اللہ کا حکم ہے کہ والدین کے بعد رشتے داروں سے اچھا رویہ اختیار کرو، بہترین انسان وہ ہے جو خیر کی راہ پر گامزن ہو، امت کو چاہیے ایک دوسرے سے شفقت کا معاملہ رکھے، اللہ کی رحمت احسان کرنے والوں کے قریب ہے، اللہ کا فرمان ہے جو بندہ اپنے نفس پر ظلم کرتا ہے تو اس کے لیے توبہ کا دروازہ کھلا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اللہ کے سوا انسان کی مصیبت کوئی دور نہیں کرسکتا، قرآن پاک میں اللہ کا فرمان ہے کسی عربی کو عجمی پر اور عجمی کو عربی پر کوئی فوقیت نہیں، قرآن پاک میں اللہ کا فرمان ہے کالا گورے سے افضل ہے نہ گورا کالے سے۔ انہوں نے کہا کہ اللہ کا فرمان ہے جب بھی مجھے پکارو گے اپنے قریب ہی پا گے، اللہ کا فرمان ہے انسان ہو یا جانور، سب سے رحمت کا معاملہ کرو، اللہ نے فرمایا اپنے رب کی ایسے عبادت کرو جیسے اللہ تمہیں دیکھ رہا ہے، اللہ نے فرمایا میرے سوا کسی سے نہ ڈرو، اللہ نے قرآن میں فرمایا اس نے انسان کو بہترین انداز میں پیدا کیا۔ اللہ نے فرمایا اپنے گھر والوں کو نیکی کا حکم دو، اچھی تربیت کرو خطبہ حج میں ڈاکٹر عیسی نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جنت میں اللہ کے رحم وفضل کے بغیر کوئی داخل نہیں ہوگا، اللہ نے فرمایا مرد اور عورت میں جو بھی بھلائی کا کام کرے اس کو اجر دیا جائے گا، اللہ تعالی نے فرمایا کہ میں نے تمہارے لیے دین کامل کر دیا، اللہ نے فرمایا اپنے گھر والوں کو نیکی کا حکم دو، اچھی تربیت کرو۔ قبل ازیں عازمین حج نے منی میں قائم کی گئی خیمہ بستی میں رات گزاری۔ دنیا بھر کے 10 لاکھ اور پاکستانی تقریبا 80 ہزار عازمین نے نماز فجر تک منی میں قیام کیا اور عبادت میں مصروف رہے۔ نماز فجر کی ادائیگی کے بعد عازمین حج قافلوں کی شکل میں عرفات کی جانب روانہ ہوئے۔ اور عرفات میں حج کا رکن اعظم وقوف عرفہ ادا کیا گیا۔ اللہ کے مہمانوں نے میدان عرفات میں عبادات، توبہ استغفار اور تلبیہ بلند کرنے کے علاوہ ظہر اور عصر کی نمازیں جمع تقدیم کرتے ہوئے ایک ساتھ ادا کیں۔ دونوں باجماعت نمازوں کے لیے ایک ہی اذان دی گئی جبکہ نماز کے لیے دونوں نمازوں کی اقامت الگ الگ دی گئی۔ حجاج کرام میدان عرفات میں نماز مغرب تک قیام کے بعد مزدلفہ روانہ ہوں گے جہاں وہ نماز مغرب اور عشا جمع کر کے ادا کریں گے اور رات بھر مزدلفہ میں کھلے آسمان تلے قیام کے دوران عبادت اور دعائیں کریں گے۔ مزدلفہ کی حدود ہی سے حجاج کرام رمی جمرات کے لیے کنکریاں جمع کریں گے۔ اس کے بعد حجاج کرام اگلے روز جمرات کے مقام پر کنکریاں مارنے کا عمل یعنی رمی جمرات کا آغاز کریں گے، جس کے بعد قربانی کی تصدیق کے بعد حجاج کرام حلق کروانے کے بعد اپنا احرام کھول دیں گے۔ دوسری جانب سعودی وزارت صحت کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ 53 ہزار حجاج کرام نے طبی امداد طلب کی جبکہ ایک ہزار سات سو چھتیس حجاج کرام کو طبی امداد فراہم کی گئی۔ حجاج کرام میں کورونا یا منکی پاکس کا کوئی کیس سامنے نہیں آیا۔

بقیہ نمبر 12

سے کیوں لڑوں گا۔ میں نے کون سی ریڈ لائن عبور کی ہے۔ صاف شفاف الیکشن کے بغیر ملک بحران سے نہیں نکلے گا۔ تگڑی عوامی حکومت بنے گی تو ملکی معیشت چلے گی۔ سابق وزیراعظم کا کہنا تھا کہ ان حکمرانوں سے تو کوئی بات کرنے کو بھی تیار نہیں۔ اگر ضمنی انتخاب میں دھاندلی کی تو یہ ملک کا اور نقصان کریں گے۔ مجھے کیا ہے میں تو اور انتظار کرلوں گا، نقصان ملک کا ہوگا۔ ان چوروں سے کبھی اتحاد نہیں کروں گا، چاہے اپوزیشن میں بیٹھنا پڑے۔ عمران خان نے کہا کہ جو بات کرنا چاہتا ہے دروازے کھلے ہیں۔ پیپلز پارٹی کے ساتھ بیٹھنے سے ہزار درجے بہتر ہے میں اپوزیشن میں بیٹھ جاں۔ کسی بیرونی اور اندرونی طاقت کے ذریعے کوئی بیک ڈور رابطہ نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملکی معیشت تباہ کرنے والوں نے 1100 ارب روپے کا این آر او لیا۔ نیوٹرلز سے بات ہوئی تو ایک ہی مقف ہے کہ فری اینڈ فیئر الیکشن ہو۔ چوروں سے کبھی اتحاد نہیں کروں گا۔ اس بار حکومت میں ایک ایشو رہا مختلف چھوٹی جماعتیں بلیک میل کرتی رہیں۔ عمران خان نے کہا کہ عثمان بزدار کے سوا باقی امیدوار ایک دوسرے کے نام پر بطور وزیراعلی متفق نہیں تھے۔ علیم خان اور چودھری پرویز الہی بطور وزیر اعلی ایک دوسرے کے نام سے راضی نہیں تھے۔ پنجاب ملک کا 60 فیصد ہے۔ کسی ایسے کو وزیراعلی نہیں بنا سکتا تھا جو ذاتی لوٹ مار کرتا۔ خوشاب میں جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے تحریک انصاف کے چیئرمین نے کہا کہ امریکا نے یہاں کے میر جعفر اور میر صادق کو ساتھ ملا کر حکومت گرائی، بڑے بڑے ڈاکوں کو ہم پر بٹھا دیا گیا، یورپ میں ضمانتی کو چپڑاسی کی بھی نوکری نہیں ملتی، برطانیہ کے وزیراعظم کو اس کی اپنی جماعت نے ہٹا دیا ہے لیکن پاکستان میں ایک جوتے پالش کرنے والے کو سربراہ بنا دیا گیا ہے۔ عمران خان نے کہا کہ قوم کبھی ان چوروں کو تسلیم نہیں کرے گی، تم جو مرضی کرلو تم صرف اپنے آپ کو ذلیل کرو گے، شریف خاندان نے زندگی میں کبھی کوئی کام ایمانداری سے نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کہ چیف الیکشن کمشنر کی بیوی کو ایسا عہدہ دیا گیا ہے جس سے بہت پیسہ کمایا جا سکتا ہے، دھاندلی تو کیا یہ دھاندلہ بھی کر لیں تو انہیں شکست دیں گے۔ تحریک انصاف کے چیئرمین نے انکشاف کیا کہ نامعلوم نمبر سے انہیں دھمکیاں دی جاتی ہیں، خوف دلایا جاتا ہے لیکن وہ کسی سے خوف زدہ ہونے والے نہیں ہیں۔

بقیہ نمبر 13

غریب طبقے کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے یہ قدم اٹھایا گیا ہے تاکہ ملک بھر کے عوام وفاقی حکومت کے ریلیف پیکیج سے مستفید ہوسکیں گے، عہدیدار اسٹورز پر تمام ضروری اشیاء کی فراہمی کو یقینی بنائیں گے تاکہ عوام کو رعایتی نرخوں پر ضروری اشیاء کی خریداری میں کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا۔ علاوہ ازیں وزیراعظم شہباز شریف نے غریب عوام کو 5 اشیاء پر بڑا ریلیف پیکج دینے کا فیصلہ کرلیا ہے، آٹا، چینی، گھی، دالوں اور چاول پر سبسڈی کیلئے 68 ارب 22 کروڑ سے زائد رقم مختص کی گئی ہے، وزیراعظم پیکج کی سمری کی منظوری ای سی سی اور کابینہ سے لی جائے گی، جس کے تحت آئندہ ایک سال کیلئے یوٹیلیٹی اسٹورز پر سبسڈی کیلئے 68 ارب 22 کروڑ سے زائد رقم مختص کی گئی ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کی ہدایت پر وزارت صنعت وپیداوار نے ریلیف پیکج کی منظوری کیلئے سمری تیار کرلی ہے، حکومت کی جانب سے غریب عوام کیلئے 5 بنیادی اشیاء پر سبسڈی مزید ایک سال کیلئے جاری رہے گی، سبسڈی کیلئے مالی سال 2022-23 میں 68 ارب 2 کروڑ 40 لاکھ روپے رقم مختص کرنے کی تجویز دی گئی ہے، وزیراعظم پیکج کی سمری کی منظوری اقتصادی رابطہ کمیٹی اور وفاقی کے اجلاس میں لی جائے گی۔ ادھر یوٹیلیٹی سٹورز پر ملنے والی اشیاء خورونوش پی پی 170 میں تقسیم کی جانے لگیں، ن لیگ کے امیدوار امین چوہدری اور ان کے بھائی اشیاء کی تقسیم کی نگرانی بھی خود کرتے رہے، لوگوں میں بانٹے جانے والے سامان کی مالیت 1500 سے دو ہزار روپے ہے، جو لوگ آٹا، گھر اور دیگر سامان وصول کر رہے ہیں ان سے ان کے شناختی کارڈ بھی لیے جا رہے ہیں جہاں سے ان کے گھروں کا پتہ نوٹ کیا جارہا ہے، شناختی کارڈ نمبر نوٹ کرنے کے بعد لوگوں کو یہ بھی یقین دلایا جارہا ہے کہ آپ کو الیکشن سے ایک دن قبل مزید آٹا، گھی اور چینی دی جائے گی۔

بقیہ نمبر 14

کیا جائے گا۔ گیس کی قیمتوں میں اضافے کی منظوری گذشتہ روز وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل کی زیر صدارت ای سی سی اجلاس میں دی گئی۔ قبل ازیں وزیر مملکت برائے پٹرولیم ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا ہے کہ ماضی کی حکومت نے بروقت اور سستی گیس نہیں خریدی، اب گیس کے نرخ بہت بڑھ چکے ہیں، پچاس فیصد غریبوں کے لئے گیس کی قیمتوں میں اضافہ نہیں کیا جائے گا، اپوزیشن پنجاب میں مفت بجلی فراہمی کی سہولت پر سیاست کر رہی ہے۔ جمعرات کو یہاں پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سابق حکومت نے چار ڈالر سے سولہ ڈالر تک قیمت پر گیس نہیں خریدی، اب گیس کی قیمت چالیس ڈالر تک پہنچ چکی ہے، انہیں معلوم تھا کہ گزشتہ سردیوں میں بھی ہمارے پاس گیس نہیں تھی، اس کے باوجود انہوں نے طویل مدتی معاہدے نہیں کئے حالانکہ ہمارے پاس تین سے چار اضافی کارگو محفوظ رکھنے کی صلاحیت ہے۔ انہوں نے کہا کہ سردیوں میں صرف گھروں میں گیس کی طلب 1170 ملین کیوبک فٹ ہے جبکہ ہمارے ملکی ذخائر میں 670 ملین کیوبک فٹ گیس دستیاب ہے۔ سابق حکومت نے گیس کی اس کمی کو پورا کرنے کے حوالے سے کوئی منصوبہ بندی نہیں کی۔ وزیر مملکت نے کہا کہ پی ٹی آئی نے اپنی حکومت جانے سے کچھ عرصہ قبل یہ قانون بنادیا کہ گیس کی قیمت اوگرا مقرر کرے گا، اب گیس کی قیمت میں تبدیلی کا اختیار حکومت کے پاس نہیں ہے 2 سال سے گیس کی قیمت بڑھائی نہیں گئی، ہمیں اس حوالے سے فیصلہ کرنا ہو گا۔

بقیہ نمبر 15

جات اور سبزیوں کے نرخوں میں مسلسل اضافہ کا رجحان برقرار، عیدالاضحیٰ کی آمد پر جہاں دیگر اشیا کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگی ہیں گھی، مرچ، گرم مصالحے، ٹماٹر، پیاز، لہسن، ادرک، سبز دھنیا، سبز مرچ، پودینہ اور دیگر سبزیوں، پھلوں کی قیمتوں میں بھی اضافہ ہوگیا اس طرح کاروباری وتجارتی حلقوں کی طرح ناجائز منافع خور ذخیرہ اندوز، خود غرض دکانداروں اور مفاد پرست چور بازاروں نے عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنے کیلئے مختلف بہانے تراشنے شروع کردیئے اور زائد نرخ وصول کرنے کیلئے مہنگائی کا جواز پیش کیا جا رہا ہے۔ بڑی تعداد میں لوگوں نے انفرادی قربانی کی سکت نہ ہونے کے باعث جانوروں کی اجتماعی قربانی میں حصہ ڈالنا شروع کردیا ہے جس کے باعث بڑے جانوروں خصوصا گائے، بچھڑا، ویڑھ اونٹ وغیرہ کی قربانی کی شرح امسال بہت زیادہ ہونے کا امکان ہے ادھر عیدالاضحیٰ قریب آتے ہی چھریاں، بغدے اور ٹوکے کی قیمتوں میں بے تحاشہ اضافہ ہوگیا جبکہ قصائیوں کی بکنگ میں بھی لوگوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔

بقیہ نمبر 16

عوام کا سامنا کرنے کی ہمت نہیں ہے۔ عمران خان اس وقت قوم کی واحد امید ہیں، عمران خان عوام کو اس کرپٹ اور جعلی حکومت سے نجات دلائیں گے۔ رہنمان لیگ نے کہا کہ ضمنی الیکشن میں پی ٹی آئی کا گراف بہت بلند ہے، ن لیگ نے تحریک انصاف کے مینڈیٹ پر ڈاکہ ڈالا، وہ وقت دور نہیں جب ہم اپنا چھینا ہوا مینڈیٹ ن لیگ سے واپس لیں گے۔ حمزہ شہباز سپریم کورٹ میں دیے گئے حلف سے مکر گئے ہیں، سپریم کورٹ ضمنی انتخابات والے حلقوں میں تقرروتبادلوں اور ترقیاتی کاموں کا نوٹس لے۔ ان کا کہنا تھا کہ ن لیگ الیکشن کوڈ آف کنڈکٹ کی کھلم کھلا خلاف ورزی کر رہی ہے، ن لیگی امیدوار یوٹیلیٹی اسٹور کے ٹرک میں ووٹروں میں سامان تقسیم کر رہے ہیں۔ ہم ان شا اللہ ضمنی الیکشن میں 20 کی 20 سیٹیں جیتیں گے، ضمنی الیکشن میں کارکن نتائج آنے تک پولنگ اسٹیشنوں پر اپنے ووٹ کا پہرہ دیں، ن لیگ دھاندلی اور جعلی رزلٹ کے بغیر کبھی نہیں جیت سکتی

بقیہ نمبر 17

میں وہ شدید زخمی ہوگئے۔ انہیں تشویش ناک حالت میں اسپتال منتقل کیا گیا جہاں وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گئے۔ رپورٹس میں کہا گیا ہے کہ سیکیورٹی فورسز کی جانب سے شنزو ابے پر حملے کے فوری بعد 41 سالہ مشکوک شخص کو حراست میں لے کر اسلحہ برآمد کرلیا گیا تاہم ملزم کی شناخت ظاہر نہیں کی گئی۔ دوسری جانب حکومت نے کہا ہے کہ واقعے کی جانچ پڑتال کیلئے ٹاسک فورس تشکیل دی جاچکی ہے۔ واضح رہے کہ جاپان کے سب سے طویل عرصے تک وزیراعظم رہنے والے شنزو ابے 2006 میں پہلی مرتبہ ایک سال کے لیے جبکہ 2012 سے 2020 کے طویل دورانیے تک دوبارہ وزیراعظم منتخب ہوئے تاہم ناسازی صحت کے باعث 28 اگست 2020 کو عہدے سے مستعفی ہوگئے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے جاپان کے سابق وزیراعظم شنزو ابے پر قاتلانہ حملے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہماری دعائیں اور نیک خواہشات اہل خانہ اور جاپانی عوام کے ساتھ ہیں۔

بقیہ نمبر 18

توانائی کے لئے اپنا کوآرڈینیٹر مقرر کردیا بلال اظہر کیانی پاکستان مسلم لیگ ن کے اسسٹنٹ سیکریٹری جنرل اور پارٹی کی معاشی ٹیم کے رکن ہیں بلال اظہر کیانی کی وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر کے طور پر تعیناتی کا باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کردیا گیا نوٹیفکیشن وزیراعظم کی سپیشل سیکریٹری سارہ سعید کے دستخطوں سے جاری ہوا ہے بلال اظہر کیانی کی اس عہدے پر تقرری اعزازی بنیادوں پر کی گئی ہے بلال اظہر کیانی عہدے کی تنخواہ اور مراعات نہیں لیں گے۔

بقیہ نمبر 19

میں دیئے گئے بیان پر ڈی جی نیب میجر (ر) شہزاد سلیم نے بھی ردعمل دے دیا۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ میرے علم میں آیا ہے کہ طیبہ گل نے پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کو آڈیو سنائی، طیبہ گل نے یہ آڈیو سنا کر گمراہ کیا، اس پر شدید احتجاج کرتا ہوں۔ آڈیو میں میری بات نگہت بھٹی سے ہو رہی ہے، نگہت بھٹی کو بتایا کیس میرٹ پر پورا اترنے تک کچھ نہیں کر سکتے۔ طیبہ گل کا کیس اور ہے جب کہ نگہت بھٹی کا اور کیس ہے۔ شہزاد سلیم نے کہا طیبہ گل سے میری کبھی کوئی بات نہیں ہوئی، اگر ایسا کہا گیا تو شدید احتجاج اور مذمت کرتا ہوں۔ خیال رہے کہ سابق چیئرمین نیب جاوید اقبال پر جنسی ہراسانی کا الزام لگانے والی طیبہ گل کا کہنا ہے کہ سابق وزیراعظم عمران خان نے میری ویڈیوز حاصل کر کے نیب میں اپنے کیس بند کرا لیے۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان پر الزام لگاتے ہوئے کہا کہ سابق وزیراعظم نے میری ویڈیوز حاصل کر کے نیب میں اپنے کیس بند کرا لیے اور مجھے انصاف فراہم کرنے کا وعدہ کر کے ڈیڑھ ماہ وزیراعظم ہاؤس میں رکھا۔ طیبہ گل نے کہا کہ جنسی ہراسانی کی شکایت وزیراعظم کے پورٹل پر کی تو وزیراعظم کے سیکرٹری اعظم خان اور طاہر اے خان نے مجھے بلوا لیا اور مجھ سے ویڈیوز حاصل کرلیں، ایک دو دن بعد وہ ویڈیوز میری اجازت کے بغیر ٹی وی پر چلائی گئیں اور پھر میری تردید بھی چلا دی گئی اور میں نے اس بات پر احتجاج بھی کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ جاوید اقبال کی جنسی ہراسانی کی شکار اور بھی خواتین مجھ سے رابطے میں ہیں، اس کے علاوہ انہوں نے کہا کہ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے چیئرمین نور عالم پر بھی نیب کا بہت دباؤ تھا کہ طیبہ گل کو نہ بلایا جائے۔

بقیہ نمبر 20

آفیسر عبادت نثار کی ہدایات پر ڈی ایس پی احمد پور شرقیہ سعادت علی نے گزشتہ روز سرکل ایس ایچ اوز غلام رسول بھٹی تھانہ اوچشریف شبیر احمد کورٹ تھانہ صدر، اکبر جوئیہ تھانہ سٹی، مہر صدیق تھانہ دھوڑ کوٹ، محمد فیصل تھانہ چنی گوٹھ سے کارنر میٹنگ جرائم کو کنٹرول منشیات کی روک تھام پولیس گشت بڑھانے اور عیدالاضحیٰ کے موقع پر جاری ہونے والی سیکیورٹی پلان کا جائزہ بھی لیا اور عیدالاضحیٰ کے اجتماعات پر عوام کی حفاظت کے لیے پولیس اہلکاروں کی بھاری نفری تعینات کرنے کے احکامات تحصیل بھر کے اجتماعات پر سکیورٹی فل پروف بنانے کے لیے واک تھرو گیٹس سی سی ڈی وی کیمرے نصب ہوں گے اور پارکنگ اجتماعات سے 300 فٹ کے فاصلے پر کی جائے گی اور ڈی ایس پی سعادت علی نے کہا جرائم پیشہ عناصر کسی بھی رعائیت کے مستحق ہ ہیں ان کے ساتھ سختی سے نمٹا جائے گا

بقیہ نمبر 21

ملتان میں ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر مسلم لیگ ن کے امیدوار سلیمان نعیم کو 45 ہزار روپے جرمانہ عائد کردیا۔ ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر ملتان سلیم اختر نے کہا کہ سلیمان نعیم کو قوانین کی خلاف ورزی کرنے پر جرمانہ کیا، مسلم لیگ ن کے امیدوار سلمان نعیم نے سرکاری آفس میں میٹنگ کو ہیڈ کیا تھا، سنٹرل کاٹن ریسرچ انسٹیٹیوٹ ملتان آفس میٹنگ میں سلمان نعیم نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 22

حوالے سے منعقدہ پریس کانفرنس میں چینی وزارت خارجہ کے ترجمان چیاؤ لی جیان نے کہا کہ آ بنائے تائیوان کی مرکزی لائن پر چین کا موقف واضح اور مستقل ہے اور اس حوالے سے تائیوان حکام کی طرف سے سیاسی جوڑ توڑ کامیاب نہیں ہوگا۔ چیاؤ لی جیان نے کہا کہ چین کی فوجی مشق کا مقصد بیرونی مداخلت اور تائیوان کی علیحدگی پسند قوتوں کا مقابلہ کرنا ہے۔ چین مضبوطی کے ساتھ ملک کے اقتدار اعلی اور علاقائی سلامتی کا تحفظ کرے گا اور '' تائیوان کی علیحدگی کی کسی بھی کوشش کو ناکام بنائے گا۔

بقیہ نمبر 23

مطابق صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کی زیر صدارت بجلی کی بچت کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں گرین پریذیڈنسی منصوبے کے تحت بجلی، پانی اور گیس کی بچت کے اقدامات پر اظہار اطمینان کیا گیا۔ صدر مملکت کا کہنا تھا کہ ایوان صدر نے توانائی کی مد میں گزشتہ 2 سال میں 10 کروڑ 80 لاکھ روپے کی بچت کی۔ انہوں نے کہا کہ ایوان صدر کا ماحول دوست منصوبہ پورے ملک کے لیا یک بہترین مثال ہے، ایوان صدر مکمل طور پر 1 میگاواٹ کے شمسی توانائی منصوبے پر چل رہا ہے۔ صدر کا مزید کہنا تھا کہ ایوان صدر نے 1 لاکھ 12 ہزار یونٹس قومی گرڈ میں دیے۔

بقیہ نمبر 24

نے مزید کہا کہ شاہ محمود قریشی نے پیپلز پارٹی کو ڈسا ہے وہ انہیں قبول نہیں کرے گی، اب ان کا بیٹا بھی بری طرح سے شکست کھائے گا، انہوں نے کہا کہ میرا تو اب بھی مطالبہ ہے جوڈیشنل کمیشن بنایا جائے تاکہ عمران خان کے جھوٹ کا قوم کو پتہ چل سکے۔ راجہ ریاض نے مزید کہا کہ میرا خیال ہے شاہ محمود قریشی اور شیریں مزاری کا استعفیٰ بہت جلد منظور کر لیا جائے گا کیونکہ ان دونوں نے ہی کھڑے ہو کر مستعفی ہونے کا اعلان کیا تھا۔ قبل ازیں قومی اسمبلی سیکرٹریٹ نے اسپیکر راجہ پرویز اشرف کو تحریک انصاف کے آٹھ ارکان کے استعفے منظور کرنے کی تجویز دی تھی۔ رپورٹ کے مطابق عمران خان کے خلاف قومی اسمبلی میں تحریک عدم اعتماد منظور ہونے اور موجودہ حکومت قائم ہونے کے بعد پی ٹی آئی اور ن لیگ نے قومی اسمبلی سے استعفی کا اعلان کیا تھا۔ اس وقت کے ڈپٹی اسپیکر قاسم سوری نے استعفے منظور کر لئے تھے تاہم موجودہ سپیکر نے ان استعفوں پر قانون کے مطابق کارروائی کی رولنگ جاری کی۔ راجہ پرویز اشرف نے پی ٹی آئی رہنماؤں کے استعفوں کی تصدیق کے لیے انہیں قانون کے مطابق طلب کیا لیکن کوئی رکن پیش نہ ہوا۔ پی ٹی آئی ارکان کی جانب سے استعفوں کی تصدیق کے لیے نہ آنے پر اسپیکر قومی اسمبلی نے قومی اسمبلی سیکرٹریٹ سے قانونی رائے مانگی تھی۔ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ میں اس معاملے پر اپنی ایڈوائس اسپیکر کو بھیج دی ہے جس میں کہا گیا ہے کہ ایوان میں اعلان کرنے والے ارکان کے استعفے قبول کیے جائیں۔

بقیہ نمبر 25

مری کے لیے 15 بسیں چلائی جائیں گی۔ ڈپٹی کمشنر راولپنڈی طاہر فاروق کے مطابق بس سروس عیدالاضحیٰ کے موقع پر 3 دن کے لیے چلے گی، سروس بہارہ کہو گرین لائن بس سٹینڈ سے اپنے سفر کا آغاز کرے گی، مسافروں کو 100 روپے فی کس کے حساب سے کرایہ چارج کیا جائے، فیملیز کو ترجیح بنیادوں پر سفری سہولیات فراہم کی جائے گی، سروس سے مری میں ٹریفک میں کمی آئے گی، سروس میں سفر کرنے والی فیملیز کو مری میں فری شٹل سروس کی سہولت فراہم کی جائے گی۔

☆☆☆☆

بہاول پور: ڈی پی او کی ہدایت پر ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کی اپنے علاقہ میں کھلی کچہری میں منعقد کرنے کا تسلسل جاری ہے۔

شعبہ انفارمیشن ٹیکنالوجی اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کے زیر اہتمام طلباء وطالبات کے بنائے ہوئے پروجیکٹس اور پوسٹر کی نمائش کی تقریب اور دوسری جانب شرکاء کا گروپ فوٹو۔

پبلشر
احسان احمد سحر
پرنٹر
نسیم اختر
مطبع
گردیزی پرنٹنگ پریس بہاولپور
مقام اشاعت
535-536 سرور شاہ سٹریٹ احمد پور شرقیہ